Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر (۲۸) مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲ ربیع الاول سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۱۶ جون سنہ ۱۹۳۴ء جلد (۲۲)

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	بابت عطائے پنشن بہ ڈاکٹر عبد الحکیم خان صاحب	۲	(۳)	عطائے حقیت معافی واقع موضع بین پوری (پرگنہ حضور تحصیل)	۲
(۲)	عطائے حقیت معافی باغ - واقع شندیان نادر باغ	۲			

حکم اجلاس صاحب پریذیڈنٹ صاحب کونسل

(۱) تنسیخ رخصت مولوی امداد حسین صاحب افسر انکوائری (۴)

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی متعالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم

تاریخ ۹ مئی ۱۹۳۳ء

رپورٹ صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل ملاحظہ ہوئی۔ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو (لندن)

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

ڈاکٹر عبد الحکیم خان صاحب۔ سابق لفٹننٹ کرنل چیف میڈیکل افسر نے ایک درخواست اپنے قصور کی معافی اور اجرائے پنشن کی استدعا کے ساتھ حضور انور میں پیش کرنے کے لئے کونسل میں گذرانی بحکم ہمایوں ۲۸ ستمبر ۱۹۳۰ء کپتان ڈاکٹر محمد علی صاحب کو چیف میڈیکل افسر اور ڈاکٹر عبد الحکیم خانصاحب کو پرسنل سرجن مقرر فرمایا گیا۔ اور از راہ بندہ پروری ماتحت نوازی انکا فوجی رینک بدستور قائم رکھا گیا۔ اور ایکسو روپیہ ماہانہ پنشن بھی عطا فرمائی گئی۔ باوجود پنشن عطا ہونے کے انکی دیرینہ خدمات کا خیال فرماتے ہوئے خدمات سے ریٹائر نہیں فرمایا گیا۔

۱۰ نومبر ۱۹۳۲ء کو بنگاہ ہمایوں سے ڈاکٹر عبد الحکیم خانصاحب کو خدمات سے سبکدوش فرمایا گیا۔ اور پچاس روپیہ کی پنشن عطا فرمائی گئی۔ اور یہ پنشن ۲۰ اپریل ۱۹۳۳ء کو بحکم ہمایوں مسدود ہو گئی۔

ڈاکٹر صاحب نے تقریباً ستائیس سال خدمات بجانفشانی و وفاداری انجام دی ہیں۔ اور بزمانہ جنگ عظیم ریاست ہذا کی فوج کے ہمراہ فیلڈ سروس پر ذریعہ بھی گئے تھے۔ ڈاکٹر صاحب رامپور کے قدیمی شرفاء میں سے ہیں اور ان کا خاندان ہمیشہ ریاست کا خیر خواہ رہا ہے۔

کونسل کی رائے ہے کہ بترحم خسروانہ ڈاکٹر صاحب کا قصور معاف فرما کر ان کو ایکسو روپیہ ماہانہ پنشن عطا فرمایا جائے۔ تو عین شرف نوازی اور رعایا پروری ہوگی۔

زیادہ حد ادب
دولت و اقبال بترقی باد

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہو گئے ایکسا نقل درج گزٹ کیجاتی ہے

۱۰ جون ۱۹۳۳ء

(دستخط [illegible] صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل)

روبکار۔

واقعہ ۹ جون ۱۹۴۳ء

حقیت معافی باغ واقع سنڈیان ناور باغ پرگنہ حضور تحصیل تعدادی پانچ بیگہ تیرہ بسوہ (۵ بیگہ ۱۳ بسوہ) منضبطہ ۲۰ اگست ۱۹۴۲ء کی بابت کونسل نے حسب الحکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم بعد غور و جانچ رپورٹ پیش کی جس پر بندگان عالی سے حکم صادر فرمایا گیا ہے کہ "چونکہ وہ شرائط جن پر معافی عطا کی گئی تھیں پورے طور پر عمل میں آ گئی ہیں لہذا حقیت مصرحہ بالا جس شخص کے قبضہ سے منضبط کی گئی تھی اس کے حق میں بدستور برقرار واگذاشت کی جاتی ہے"

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو، ایک نقل شخص مستحق کو دی جائے ایک نقل درج گزٹ کی جائے اور ایک نقل بغرض اطلاع صیغہ باغات صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

الحکم

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

حسب منشائے اجلاس عالیہ سررشتہ صدر سے احکام بالا بضابطہ جاری ہوں۔

۹ جون ۱۹۴۳ء

دستخط صاحب سپرنٹنڈنٹ [illegible]

روبکار۔

واقعہ ۹ جون ۱۹۴۳ء

حقیت معافی تعدادی ۱۳ بیگہ ۱۴ بسوہ (۱۳ بیگہ ۱۴ بسوہ) واقع موضع بن پوری پرگنہ حضور تحصیل منضبطہ بحکم ۲۰ اگست ۱۹۴۲ء کی بابت کونسل نے حسب الحکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم بعد غور و جانچ رپورٹ پیش کی جس پر بندگان عالی سے حکم صادر فرمایا گیا ہے کہ "چونکہ وہ شرائط جن پر معافی عطا کی گئی تھی پورے طور پر عمل میں آ گئی ہیں لہذا حقیت معافی مصرحہ بالا جس شخص کے قبضہ سے منضبط کی گئی تھی اس کے حق میں بدستور برقرار واگذاشت کی جاتی ہے"

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو ایک نقل شخص مستحق کو دی جائے ایک نقل درج گزٹ ہو اور ایک نقل بغرض اطلاع صیغہ باغات صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔

الحکم

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

حسب منشائے حکم اجلاس عالیہ سررشتہ صدر سے احکام بالا بضابطہ جاری ہوں۔

۹ جون ۱۹۴۳ء

دستخط [illegible]

حکم اجلاس جناب پریسیڈنٹ صاحب بہادر کونسل

حکم:

واقع ۱۰ جون ۱۹۲۳ء

بجنسہ تحریر افسر صاحب امور خیر باستدعا صدور حکم منظوری تنسیخ رخصت منظور شدہ ایک ماہ رعایتی بوجہ عدم روانگی حیدرآباد

مع تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

حکم

حسب تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر افسر امور خیر کی رخصت ایک ماہ منسوخ کیجاتی ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط جناب پریسیڈنٹ صاحب بہادر کونسل